ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

**JUNE-2013**


**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

**GREATER KASHMIR 05 JUNE 2013**

# A LOT OF THANKS TO

## Jenab Saleem Aijaz Kapra Sahib

**Producer & Director of Humsafar Radio Program**

We are very grateful to the Producer & Director of the weekly reformative program: Humsafar Marriage Cell, being broadcast on Radio Kashmir Srinagar on every Friday at 8:30 A.M for replacing its musical tune with a Kashmiri prayer tune. This highly acclaimed program, Humsafar, is transforming the way spouses behave. Congratulations.

From:

**DR. AIJAZ AHMAD KHAN, MRS. KHAN**
**& OTHER FAMILY MEMBERS**
**HAMDANIA COLONY BEMINA SRINAGAR**

001

Greater Kashmir (05/June/2013)

**GREATER KASHMIR 05 JUNE 2013**

# ایک بہو پر سسرال کی ذمہ داریاں

## ہمسفر ریڈیو پروگرام میں اعتدال پر مبنی کلام سے لوگوں کو بہت نفع ہوا

مؤرخہ 31، مئی جمعۃ المبارک 2013ء کو مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر Humsafar کا جو تازہ شمارہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے نشر ہوا، جس میں پروگرام کے روح رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ایک بہو پر سسرال کی ذمہ داریوں کے بارے میں کلام فرمایا۔ اس بارے میں ہمارے آفس کو سرینگر شہر کے علاوہ شمالی کشمیر اور جنوبی کشمیر کے کئی علاقوں سے ٹیلیفون آئے، جن میں سامعین کرام نے اس شمارے کو خاندانی نظام کو مضبوط کرنے میں اور ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے کافی فائدہ مند قرار دیا، اور پروگرام میں ہوئی بات کو جامع مانع اور اعتدال پر مبنی قرار دیا۔ انہوں نے ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے ذمہ داروں اور خاص کر جناب چیرمین صاحب کا معاشرے کی بہتری کے لئے اتنا مفید کام انجام دینے پر بہت شکریہ ادا کیا اور انہیں نیک دعائیں دی۔ انہوں نے ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان سے فرمائش کی کہ اس شمارے کو مستقبل قریب میں دوبارہ نشر Repeat Broadcast کریں۔

جاری کردہ: محمد عمران میر اور مسعود احمد ہارو

انچارج دفتر: ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)

(Greater Kashmir
05/June/2013)

# KASHMIR UZMA 10 JUNE 2013

کشمیر عظمیٰ JUNE 10, 2013, **MONDAY** | ۲۰۱۳ 10 جون

## ماسٹر ریاض احمد شاہ اور اُلفت آرا کا نکاح سنت کے مطابق انجام پذیر

## مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے خطبہ نکاح دیا اور ایجاب وقبول کرادیا

### (ہمسفر ریڈیو پروگرام کا فیض گھر گھر پہنچ رہا ہے)

مؤرخہ 7، جون جمعہ 2013ء کو اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر اسلام آباد کشمیر کی طرف سے ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ماسٹر ریاض احمد شاہ ولد علی محمد شاہ ساکن حُسن پورہ کولگام کا نکاح اُلفت آرا دختر غلام نبی بٹ ساکنہ مٹن چوک قاضی باغ اسلام آباد کے ساتھ سنت کے مطابق اور انتہائی سادگی کے ساتھ پڑھا گیا۔ اس نکاح کا خطبہ اور ایجاب وقبول مولانا ریاض احمد مدنی صاحب (فارغ مدینہ یونیورسٹی اور وابستگی جمعیت اہل حدیث اسلام آباد کشمیر) نے انجام دیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے فرمایا کہ دنیا و آخرت کی کامیابی قرآن وسنت پر عمل کرنے میں ہے۔ انہوں نے لوگوں سے بے راہ روی اور شادی بیاہ کی بری رسومات کو ختم کرنے کی تاکید فرمائی۔ مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سرینگر کے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اجر عظیم عطا فرمائے کہ انہوں نے ہی اس نیک کام کی یہاں شروعات کی۔ اور انہوں نے کاک سرائے سرینگر میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا ایک ایسا شاندار اصلاحی ادارہ قائم فرمایا۔ جہاں پر مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر سے وابستہ لوگ سنت کے مطابق نکاح کرانے کے لئے رجسٹریشن کراتے ہیں۔ اور اُن ہی کی بدولت سے ضلع اسلام آباد کشمیر میں یہ اصلاحی کام ہو رہا ہے۔

مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے فرمایا کہ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کے ہر دلعزیز اور مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ((8:30 A.M.) نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب ہیں، یہ پروگرام گھروں کے اندر بہترین تربیت کرنے کا ایک آسان ذریعہ بن گیا ہے۔ اور اس ریڈیو پروگرام کا فیض گھر گھر پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر ضلع اسلام آباد کے رول کی سراہنا کرتے ہوئے فرمایا کہ پچھلے چھ سالوں سے اس ادارے کی وساطت سے کثیر تعداد میں نکاح سنت کے مطابق انجام دئے گئے ہیں۔

ایجاب وقبول کرانے کے بعد مولانا ریاض صاحب نے دولہا، دولہن، ان کے گھر والوں اور اس ادارے کو اس نوعیت کی نکاح مجلس منعقد کرانے پر مبارک باد پیش کی۔ دولہا ریاض احمد شاہ سرکاری ٹیچر ہونے کے ساتھ ساتھ داعی اور خطیب بھی ہے، جبکہ دولہن اُلفت آرا الثروت انسٹی ٹیوٹ (AL-SARWAT Institute) میں اُستانی ہے۔ کچھ عرصہ پہلے الثروت انسٹی ٹیوٹ ہی کی ایک اور اُستانی صائمہ جان دختر محمد یعقوب شاہ ساکنہ دانتر اسلام آباد کا نکاح KAS آفیسر سجاد احمد کمار ولد غلام قادر کمار ساکن آنچی ڈورہ اسلام آباد کے ساتھ اسی ادارے کی وساطت سے انجام پایا۔ اس وقت غریب اور مڈل کلاس لوگوں کے علاوہ اعلیٰ تعلیم یافتہ لڑکے اور لڑکیوں جو سرکاری ملازم اور دیگر پیشوں سے وابستہ ہیں کی ایک کثیر تعداد کی رجسٹریشن ادارے کے دفتر میں موجود ہیں، جو مناسب جوڑ کے ساتھ نکاح کی تلاش میں ہیں۔ خواہشمند والدین جو اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق انجام دینا چاہتے ہیں، وہ اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر دفتر نزدیک مسجد شریف رحت دیدی لال چوک اسلام آباد کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔ فون نمبر: 9906407924

**جاری کردہ**

**اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر لال چوک اسلام آباد کشمیر**

# AFTAB 10 JUNE 2013

## ماسٹر ریاض احمد شاہ اور اُلفت آرا کا نکاح سنت کے مطابق انجام پذیر

## مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے خطبہ نکاح دیا اور ایجاب وقبول کرا دیا

## (ہمسفر ریڈیو پروگرام کا فیض گھر گھر پہنچ رہا ہے)

مؤرخہ 7، جون جمعہ 2013ء کو اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر اسلام آباد کشمیر کی طرف سے ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ماسٹر ریاض احمد شاہ ولد علی محمد شاہ ساکن حسن پورہ کولگام کا نکاح اُلفت آرا دختر غلام نبی بٹ ساکنہ مٹن چوک قاضی باغ اسلام آباد کے ساتھ سنت کے مطابق اور انتہائی سادگی کے ساتھ پڑھا گیا۔ اس نکاح کا خطبہ اور ایجاب وقبول مولانا ریاض احمد مدنی صاحب (فارغ مدینہ یونیورسٹی اور وابستگی جمعیت اہل حدیث اسلام آباد کشمیر) نے انجام دیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے فرمایا کہ دنیا وآخرت کی کامیابی قرآن وسنت پر عمل کرنے میں ہے۔ انہوں نے لوگوں سے بے راہ روی اور شادی بیاہ کی بری رسومات کو ختم کرنے کی تاکید فرمائی۔ مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سرینگر کے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اجر عظیم عطا فرمائے کہ انہوں نے ہی اس نیک کام کی یہاں شروعات کی۔ اور انہوں نے کاک سرائے سرینگر میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا ایک ایسا شاندار اصلاحی ادارہ قائم فرمایا۔ جہاں پر مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر سے وابستہ لوگ سنت کے مطابق نکاح کرانے کے لئے رجسٹریشن کراتے ہیں۔ اور اُن ہی کی بدولت سے ضلع اسلام آباد کشمیر میں یہ اصلاحی کام ہو رہا ہے۔ مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے فرمایا کہ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کے ہردلعزیز اور مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے (8:30 A.M.) نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کبرا صاحب ہیں، یہ پروگرام گھروں کے اندر بہترین تربیت کرنے کا ایک آسان ذریعہ بن گیا ہے۔ اور اس ریڈیو پروگرام کا فیض گھر گھر پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر ضلع اسلام آباد کے رول کی سراہنا کرتے ہوئے فرمایا کہ پچھلے چھ سالوں سے اس ادارے کی وساطت سے کثیر تعداد میں نکاح سنت کے مطابق انجام دئے گئے ہیں۔ ایجاب وقبول کرانے کے بعد مولانا ریاض صاحب نے دولہا، دولہن، ان کے گھر والوں اور اس ادارے کو اس نوعیت کی نکاح مجلس منعقد کرانے پر مبارک باد پیش کی۔ دولہا ریاض احمد شاہ سرکاری ٹیچر ہونے کے ساتھ ساتھ داعی اور خطیب بھی ہے، جبکہ دولہن اُلفت آرا الثروت انسٹی ٹیوٹ (AL-SARWAT Institute) میں اُستانی ہے۔ کچھ عرصہ پہلے الثروت انسٹی ٹیوٹ ہی کی ایک اور اُستانی صائمہ جان دختر محمد یعقوب شاہ ساکنہ دانتر اسلام آباد کا نکاح KAS آفیسر سجاد احمد کمار ولد غلام قادر کمار ساکن آنچی ڈورہ اسلام آباد کے ساتھ اسی ادارے کی وساطت سے انجام پایا۔ اس وقت غریب اور مڈل کلاس لوگوں کے علاوہ اعلیٰ تعلیم یافتہ لڑکے اور لڑکیوں جو سرکاری ملازم اور دیگر پیشوں سے وابستہ ہیں کی ایک کثیر تعداد کی رجسٹریشن ادارے کے دفتر میں موجود ہیں، جو مناسب جوڑ کے ساتھ نکاح کی تلاش میں ہیں۔ خواہشمند والدین جو اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق انجام دینا چاہتے ہیں، وہ اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر دفتر نزدیک مسجد شریف رحت دیدی لال چوک اسلام آباد کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔ فون نمبر 9906407924

جاری کردہ: اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر لال چوک اسلام آباد کشمیر

# SRINAGAR TIMES 10 JUNE 2013

# اسلامک میرج کونسلنگ سنٹر اسلام آباد کشمیر کی طرف سے مجلس کا انعقاد

## ماسٹر ریاض احمد شاہ اور الفت آرا کا نکاح سنت کے مطابق انجام دیا گیا/مولانا مدنی

سرینگر/اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر اسلام آباد کشمیر کی طرف سے ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا جس میں ماسٹر ریاض احمد شاہ ولد علی محمد شاہ ساکن حسن پورہ کولگام کا نکاح اُلفت آرا دختر غلام نبی بٹ ساکنہ مٹن چوک قاضی باغ اسلام آباد کے ساتھ سنت کے مطابق انتہائی سادگی کے ساتھ پڑھا گیا۔ اس نکاح کا خطبہ اور ایجاب وقبول مولانا ریاض احمد مدنی (فارغ مدینہ یونیورسٹی اور وابستہ جمعیت اہلحدیث اسلام آباد کشمیر) نے انجام دیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے فرمایا کہ دنیا وآخرت کی کامیابی قرآن وسنت پر عمل کرنے میں ہے۔ انہوں نے لوگوں سے بے راہ روی اور شادی بیاہ کی بری رسومات کو ختم کرنے کی تاکید فرمائی۔ مولانا ریاض احمد مدنی نے اللہ تعالیٰ سے فیاض احمد زرو کے اجر عظیم کیلئے دعا کی کہ انہوں نے ہی اس نیک کام کی شروعات کرکے کاک سرائے سرینگر میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا ادارہ قائم کیا جہاں پر مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر سے وابستہ لوگ سنت کے مطابق نکاح کرانے کیلئے رجسٹریشن کراتے ہیں اور اُن ہی کی بدولت سے ضلع اسلام آباد کشمیر میں یہ اصلاحی کام ہو رہا ہے۔ مولانا ریاض احمد مدنی نے فرمایا کہ فیاض احمد زرو کے مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے جس کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر سلیم اعجاز کپراہیں یہ پروگرام گھروں میں بہترین تربیت کا ایک ذریعہ بن گیا ہے۔ انہوں نے اسلامک میرج کونسلنگ سنٹر ضلع اسلام آباد کے رول کی سراہنا کرتے ہوئے فرمایا کہ پچھلے چھ سالوں سے اس ادارے کی وساطت سے کثیر تعداد میں نکاح سنت کے مطابق انجام دئے گئے ہیں۔ ایجاب وقبول کرانے کے بعد مولانا ریاض نے دولہا، دولہن، ان کے گھر والوں اور اس ادارے کو اس نوعیت کی نکاح مجلس منعقد کرانے پر مبارک باد پیش کی:

بقیہ صفحہ آگے

# AFTAB 12 JUNE 2013

# بارہ مولہ کشمیر میں

## حضرت مولانا محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کے اِصلاحی اور روح پرور خطابات

مورخہ ۲۷ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ مطابق 7، جون 2013ء جمعۃ المبارک کو حضرت مولانا محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر سرینگر اور چیرمین ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر نے ضلع بارہ مولہ مختلف مقامات پر اصلاحی اور روح پرور خطابات فرمائے۔ حضرت والا نے پہلا بیان نماز جمعہ کے موقع پر مسجد بلال واقع شیروانی کالونی خواجہ باغ بارہ مولہ میں فرمایا۔ جس میں حضرت والا نے اُن پیشن گوئیوں کے بارے میں فرمایا جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری زمانے میں آنے والے فتنوں کے بارے میں بیان فرمائی ہیں، اور ساتھ ہی ان فتنوں کی پہچان اور ان سے بچنے کی تدابیر بھی بیان فرمائی۔ خطاب کے شروع میں مولانا فیاض صاحب نے درود شریف پڑھنے کے دوران فرمایا کہ مدینہ شریف کے روضہ پاک سے دور جو اُمتی درود شریف پڑھتا ہے، وہ فرشتے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ اس میں فرشتے درود وسلام پڑھنے والے کا نام بھی لیتے ہیں۔ اب اگر کسی اُمتی کا نام غیر شرعی ہو، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے ناگواری ہوتی ہوگی۔ اس لئے ہر اُمتی کو اپنے نام کی جانچ کرانی چاہئے، پھر اگر اس کا نام غیر شرعی ثابت ہوا، تو اسے اپنا نام فوراً بدل دینا چاہئے۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔ نماز جمعہ کے بعد کئی حضرات نے حضرت والا سے اپنے ناموں اور اپنے اہل وعیال کے ناموں کے بارے میں شرعی جانچ کروادی۔ پھر موقع پر ہی چند غیر شرعی نام بدل ڈالے۔ اسی روز حضرت والا کا دوسرا خطاب اسی مسجد شریف یعنی مسجد بلال میں عصر نماز کے فوراً بعد شروع ہوا۔ جس کو سننے کے لئے مسجد شریف میں بیٹھے مرد حضرات کے علاوہ مسجد سے متصل درسگاہ میں عورتوں کی ایک اچھی خاصی تعداد نے بھی شرکت کی۔ اس خطاب میں حضرت والا نے شرعی نکاح کو آسانی اور سادگی کے ساتھ انجام دینے اور شادی بیاہ میں انجام دی جانے والی بُری رسومات سے متعلق بات فرمائی۔ حضرت والا نے نکاح کے انتخاب کے بارے میں فرمایا کہ پوری دنیا میں نکاح کے لئے لڑکے اور لڑکی کا انتخاب کرنے کے سلسلہ میں تین فلسفے موجود ہیں۔ ایک وہ فلسفہ ہے جس میں نکاح کرنے کے لئے سب سے پہلے لڑکے یا لڑکی کے مال ودولت کو ترجیح دی جاتی ہے، یہ فلسفہ یہودیوں کا ہے۔ دوسرا فلسفہ وہ ہے جس میں سب سے پہلے حسن وجمال کو ترجیح دی جاتی ہے، یہ فلسفہ کرسچنوں اور نصاریٰ کا ہے۔ اور تیسرا وہ جس میں سب سے پہلے دین داری کو ترجیح دی جاتی ہے، یہ ایمان والوں کی پسند اور ان کا طریقہ ہے۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔ دعا کے بعد مسجد بلال کے امام صاحب محترم حفیظ اللہ صاحب نے حضرت والا کو اپنے قیام گاہ پر چائے کی دعوت دی، جو حضرت نے قبول فرمائی۔ پھر اسی روز نماز مغرب ادا کرنے کے فوراً بعد حضرت والا کا تیسرا خطاب مسجد شریف بیت الذاکرین واقع ڈار محلّہ فتح پور بارہ مولہ میں ہوا۔ جہاں پر جناب فردوس احمد ڈار صاحب نے حضرت والا کا تعارف لوگوں کو کرادیا، پھر اُن کو ممبر شریف پر آنے کی دعوت دی۔ یہاں پر سب سے پہلے محترم فیاض احمد زرو صاحب نے ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا قیام عمل میں لانے کی پوری تفصیل بیان فرمائی، جس میں انہوں نے وادی کشمیر کے ممتاز عالم دین حضرت مولانا مفتی نذیر احمد قاسمی صاحب دامت برکاتہم (صدر مفتی اور شیخ الحدیث دار العلوم رحیمیہ بانڈی پورہ کشمیر) کا خصوصی تذکرہ فرمادیا۔ اس کے بعد حضرت مولانا فیاض صاحب نے ترمذی شریف میں موجود اس حدیث شریف کی پوری وضاحت فرمائی۔ جس میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے (اذا خطب الیکم من ترضون۔۔۔۔الخ) کہ جب تمہیں ایسے شخص کی طرف سے نکاح کا پیغام تمہاری بیٹی کے لئے آجائے، جس شخص کے اندر دینداری اور اچھے اخلاق موجود ہونے پر تم راضی ہوجاؤ گے، تو فوراً ایسے نکاح کے پیغام کو اپنی بیٹی، ہمشیرہ وغیرہ کے لئے قبول کرلو۔ اور اگر تم ایسا نہیں کروگے تو دنیا میں بہت بڑے فتنے اور فسادات برپا ہوجائیں گے۔ حضرت والا نے والدین کو تاکید فرمائی کہ تعلیمی ڈگریاں پوری کرنے کے بہانے یا مستقل روزگار کھڑا کرنے کے بہانے وہ اپنے بالغ لڑکوں اور لڑکیوں کی شادیاں ہرگز ہرگز ملتوی نہ کریں۔ کیوں کہ نکاح اور شادی کو دیر سے انجام دینے کی وجہ سے بہت سخت قسم کی خرابیاں پیدا ہورہی ہیں۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔

نماز عشاء کے بعد راقم الحروف کے غریب خانے پر حضرت مولانا فیاض صاحب کی صدارت میں ایک مختصر مجلس منعقد ہوئی۔ جس میں علاقہ کے معززین کے علاوہ علاقے کے مفتیان کرام، علمائے کرام اور ائمہ مساجد نے شرکت فرمائی۔ اس میں حضرت مولانا فیاض صاحب نے علم دین کے ساتھ ساتھ ایسی دینی تربیت کی اہمیت پر زور دیا، جو دین کے مشائخ اور اہل اللہ خانقاہوں کے اندر اپنے شاگردوں اور سالکین کو فرماتے ہیں۔ اس خانقاہی تربیت کے بغیر حاصل کردہ دین کی تعلیم نفع سے زیادہ نقصان پہنچانے کا باعث بنتی ہے۔ حضرت والا نے اس میں پیر شریعت وطریقت مجدد ملت حضرت مولانا محمد رحمت اللہ صاحب زید مجدہم (ناظم اعلیٰ دار العلوم رحیمیہ بانڈی پورہ کشمیر) کا خصوصی تذکرہ فرمادیا۔ اس مجلس میں جناب بشیر احمد صوفی صاحب نے محلّہ انتظامیہ کی طرف سے حضرت مولانا محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم سے مؤدبانہ گزارش کی کہ وہ بارہمولہ میں اپنے ادارہ کی ایک شاخ قائم کریں، تاکہ ان کے علاقے میں بھی اصلاح معاشرہ کا کام شروع ہوجائے۔ اس سفر میں حضرت مولانا فیاض صاحب کے ساتھ ہمسفر دفتر کے ایک انچارج جناب مسعود احمد ہارو صاحب اور ان کے ایڈوائزر صاحب تھے۔ علاقہ کے معزز ذمہ داروں نے بارہ مولہ تشریف لانے پر اور یہاں پر دین وایمان کی باتیں اصلاحی انداز میں بیان فرمانے پر حضرت مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔ اور ان کو نیک دعائیں دیں۔ اور ان کو آئندہ بھی بارہ مولہ تشریف لانے کی دعوت دی۔ کیوں کہ ان کے اصلاحی خطابات سے اور ان کے ہفتہ وار ریڈیو پروگرام سے لوگوں کو بہت فائدہ ہورہا ہے۔

منجانب: منصور احمد بیگ (المعروف منصور بھائی)، فتح پورہ بارہ مولہ کشمیر (فون نمبر 9596059351+91)

(Aftab 12/June-2013)

# KASHMIR UZMA 12 JUNE 2013

بارہ مولہ کشمیر میں

# حضرت مولانا محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم

## کے اِصلاحی اور روح پرور خطابات

مؤرخہ ۲۷ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ مطابق 7، جون 2013ء جمعۃ المبارک کو حضرت مولانا محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم ڈائریکٹر اسلامک دعوت سینٹر سرینگر اور چیرمین ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر نے ضلع بارہ مولہ مختلف مقامات پر اِصلاحی اور روح پرور خطابات فرمائے۔ حضرت والا نے پہلا بیان نماز جمعہ کے موقع پر مسجد بلال واقع شیروانی کالونی خواجہ باغ بارہ مولہ میں فرمایا۔ جس میں حضرت والا نے اُن پیشن گوئیوں کے بارے میں فرمایا جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری زمانے میں آنے والے فتنوں کے بارے میں بیان فرمائی ہیں، اور ساتھ ہی ان فتنوں کی پہچان اور ان سے بچنے کی تدابیر بھی بیان فرمائی۔ خطاب کے شروع میں مولانا فیاض صاحب نے درود شریف پڑھنے کے دوران فرمایا کہ مدینہ شریف کے روضہ پاک سے دور جو اُمتی درود شریف پڑھتا ہے، وہ فرشتے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ اس میں فرشتے درود و سلام پڑھنے والے کا نام بھی لیتے ہیں۔ اب اگر کسی اُمتی کا نام غیر شرعی ہو، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے ناگواری ہوتی ہوگی۔ اس لئے ہر اُمتی کو اپنے نام کی جانچ کرانی چاہئے، پھر اگر اس کا نام غیر شرعی ثابت ہوا، تو اسے اپنا نام فوراً بدل دینا چاہئے۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔ نماز جمعہ کے بعد کئی حضرات نے حضرت والا سے اپنے ناموں اور اپنے اہل و عیال کے ناموں کے بارے میں شرعی جانچ کروادی۔ پھر موقع پر ہی چند غیر شرعی نام بدل ڈالے۔

اسی روز حضرت والا کا دوسرا خطاب اسی مسجد شریف یعنی مسجد بلال میں عصر نماز کے فوراً بعد شروع ہوا۔ جس کو سننے کے لئے مسجد شریف میں بیٹھے مرد حضرات کے علاوہ مسجد سے متصل درسگاہ میں عورتوں کی ایک اچھی خاصی تعداد نے بھی شرکت کی۔ اس خطاب میں حضرت والا نے شرعی نکاح کو آسانی اور سادگی کے ساتھ انجام دینے اور شادی بیاہ میں انجام دی جانے والی بُری رسومات سے متعلق بات فرمائی۔ حضرت والا نے نکاح کے انتخاب کے بارے میں فرمایا کہ پوری دنیا میں نکاح کے لئے لڑکے اور لڑکی کا انتخاب کرنے کے سلسلہ میں تین فلسفے موجود ہیں۔ ایک وہ فلسفہ ہے جس میں نکاح کرنے کے لئے سب سے پہلے لڑکے یا لڑکی کے مال و دولت کو ترجیح دی جاتی ہے، یہ فلسفہ یہودیوں کا ہے۔ دوسرا فلسفہ وہ ہے جس میں سب سے پہلے حسن و جمال کو ترجیح دی جاتی ہے، یہ فلسفہ کرسچوں اور نصاریٰ کا ہے۔ اور تیسرا وہ جس میں سب سے پہلے دین داری کو ترجیح دی جاتی ہے، یہ ایمان والوں کی پسند اور ان کا طریقہ ہے۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔ دعا کے بعد مسجد بلال کے امام صاحب محترم حفیظ اللہ صاحب نے حضرت والا کو اپنے قیام گاہ پر چائے کی دعوت دی، جو حضرت نے قبول فرمائی۔

پھر اسی روز نماز مغرب ادا کرنے کے فوراً بعد حضرت والا کا تیسرا خطاب مسجد شریف بیت الذاکرین واقع ڈار محلّہ فتح پور بارہ مولہ میں ہوا۔ جہاں پر جناب فردوس احمد ڈار صاحب نے حضرت والا کا تعارف لوگوں کو کرادیا، پھر اُن کو ممبر شریف پر آنے کی دعوت دی۔ یہاں پر سب سے پہلے محترم فیاض احمد زرو صاحب نے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا قیام عمل میں لانے کی پوری تفصیل بیان فرمائی، جس میں انہوں نے وادی کشمیر کے ممتاز عالم دین حضرت مولانا مفتی نذیر احمد قاسمی صاحب دامت برکاتہم (صدر مفتی اور شیخ الحدیث دارالعلوم رحیمیہ بانڈی پورہ کشمیر) کا خصوصی تذکرہ فرمادیا۔ اس کے بعد حضرت مولانا فیاض صاحب نے ترمذی شریف میں موجود اس حدیث شریف کی پوری وضاحت فرمائی۔ جس میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے (اِذا خطب الیکم من ترضون۔۔۔۔الخ) کہ جب تمہیں ایسے شخص کی طرف سے نکاح کا پیغام تمہاری بیٹی کے لئے آجائے، جس شخص کے اندر دینداری اور اچھے اخلاق موجود ہونے پر تم راضی ہو جاؤ گے، تو فوراً ایسے نکاح کے پیغام کو اپنی بیٹی، ہمشیرہ وغیرہ کے لئے قبول کرلو۔ اور اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو دنیا میں بہت بڑے فتنے اور فسادات برپا ہو جائیں گے۔ حضرت والا نے والدین کو تاکید فرمائی کہ تعلیمی ڈگریاں پوری کرنے کے بہانے یا مستقل روزگار کھڑا کرنے کے بہانے وہ اپنے بالغ لڑکوں اور لڑکیوں کی شادیاں ہرگز ہرگز ملتوی نہ کریں۔ کیوں کہ نکاح اور شادی کو دیر سے انجام دینے کی وجہ سے بہت سخت قسم کی خرابیاں پیدا ہو رہی ہیں۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔

نماز عشاء کے بعد راقم الحروف کے غریب خانے پر حضرت مولانا فیاض صاحب کی صدارت میں ایک مختصر مجلس منعقد ہوئی۔ جس میں علاقہ کے معززین کے علاوہ علاقے کے مفتیان کرام، علمائے کرام اور ائمہ مساجد نے شرکت فرمائی۔ اس میں حضرت مولانا فیاض صاحب نے علم دین کے ساتھ ساتھ ایسی دینی تربیت کی اہمیت پر زور دیا، جو دین کے مشائخ اور اہل اللہ خانقاہوں کے اندر اپنے شاگردوں اور سالکین کو فرماتے ہیں۔ اس خانقاہی تربیت کے بغیر حاصل کردہ دین کی تعلیم نفع سے زیادہ نقصان پہنچانے کا باعث بنتی ہے۔ حضرت والا نے اس میں پیر شریعت و طریقت مجدد ملت حضرت مولانا محمد رحمت اللہ صاحب زید مجدہم (ناظم اعلیٰ دارالعلوم رحیمیہ بانڈی پورہ کشمیر) کا خصوصی تذکرہ فرمادیا۔ اس مجلس میں جناب بشیر احمد صوفی صاحب نے محلّہ انتظامیہ کی طرف سے حضرت مولانا محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم سے مؤدبانہ گزارش کی کہ وہ بارہمولہ میں اپنے ادارہ کی ایک شاخ قائم کریں، تاکہ ان کے علاقے میں بھی اصلاح معاشرہ کا کام شروع ہو جائے۔ اس سفر میں حضرت مولانا فیاض صاحب کے ساتھ ہمسفر دفتر کے ایک انچارج جناب مسعود احمد ہارو صاحب اور ان کے ایڈوائزر صاحب تھے۔ علاقہ کے معزز ذمہ داروں نے بارہ مولہ تشریف لانے پر اور یہاں پر دین و ایمان کی باتیں اصلاحی انداز میں بیان فرمانے پر حضرت مولانا فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کا بہت بہت شکریہ ادا کیا۔ اور ان کو نیک دعائیں دیں۔ اور ان کو آئندہ بھی بارہ مولہ تشریف لانے کی دعوت دی۔ کیوں کہ ان کے اصلاحی خطابات سے اور ان کے ہفتہ وار ریڈیو پروگرام سے لوگوں کو بہت فائدہ ہو رہا ہے۔


منجانب: منصور احمد بیگ (المعروف منصور بھائی)

فتح پورہ بارہ مولہ کشمیر (فون نمبر: +919596059351)


Kashmir Uzma
12/June/2013

## GREATER KASHMIR 13 JUNE 2013

Greater Kashmir (13/June/2013)

جادو کرنے کے بارے میں

# ہمسفر ریڈیو پروگرام میں ہوئی گفتگو پر لوگوں کی کافی سراہنا

## سامعین کرام اس شمارے کو دوبارہ Repeat سننا چاہتے ہیں

مؤرخہ 7، جون جمعۃ المبارک 2013ء کو ہمسفر ریڈیو پروگرام کا جوتازہ شمارہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوا۔ اس بارے میں ہمسفر کے آفس کو کئی ٹیلیفون آئے، سامعین نے اس کو بہت زیادہ پسند کیا ہے، اور انہیں اس شمارے سے بھی بہت زیادہ نفع ہوا ہے۔ کئی حضرات نے اس شمارے کو مستقبل قریب میں دوبارہ Repeat سننے کی خواہش ظاہر کی۔ جس کے لئے انہوں نے اس مقبول عام ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب سے اور سی بی ایس ریڈیو کشمیر سرینگر کی ڈائریکٹر میڈم رخسانہ جبین صاحبہ سے گزارش کی ہے۔ سامعین کرام کی ایک بڑی تعداد نے ہمسفر پروگرام کے روح رواں حضرت محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو بہت نیک دعائیں دی۔

**جاری کردہ: محمد عمران اور مسعود احمد**

دفتر انچارج: ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)

# SRINAGAR TIMES 17 JUNE 2013

SRINAGAR TIMES
srinagar: 17-July-2013

## مدرسہ فاطمۃ الزہراؓ گنڈوسن کنگن گاندربل میں سالانہ جلسہ کا انعقاد

## چیرمین ہمسفر میریج کونسلنگ کا والدین سے اولاد کا سادہ نکاح کرنے کا مشورہ

سرینگر/شائق احمد زرگر کے بیان کے مطابق مدرسہ فاطمہ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مہتمم مولانا ریاض احمد شاہ قریشی کی دعوت پر ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر کے چیرمین اور اسلامک دعوت سینٹر سرینگر کے ڈائریکٹر فیاض احمد زرواس مدرسہ کے سالانہ جلسے میں خطاب کرنے کے لئے گنڈوسن کنگن گاندربل تشریف لے گئے۔ مدرسہ کے صحن میں مردوں کی ایک بڑی تعداد جلسہ میں ہو رہے دینی بیانات سننے کے لئے موجود تھی۔ جبکہ پردہ نشین خواتین خیمہ کے اندر تھیں۔ نماز ظہر کے بعد اپنے اصلاحی بیان میں فیاض احمد نے فرمایا کہ جس مدرسہ کے سالانہ جلسے کی تقریب میں وہ شرکت کرنے کے لئے آئے ہیں، اس مدرسہ کا نام جس عظیم خاتون یعنی اِس اُمت کی جنتی عورتوں کی سردار حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نام پر ہے، ان ہی کے نکاح کا طریقہ اگر مسلمان اپنی اولاد کے نکاحوں کے لئے نمونہ بنائیں گے، تو جو مشکلات اور سختیاں شادی انجام دینے میں آجکل مسلمانوں کو درپیش ہیں، وہ بالکل پیش نہیں آئیں گی۔ انہوں نے والدین کو پُر زور تاکید کی کہ وہ اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کو رواج دیں۔ انہوں نے ان جوانوں سے جن کا نکاح ابھی ہونے کو جا رہا ہے، ان کو تاکید کی کہ وہ لڑکی کے والدین پر کسی بھی قسم کا مالی بوجھ ہرگز نہ ڈالیں، ساتھ ہی انہوں نے شادیوں کو بابرکت بنانے کے لئے شادیوں سے اِسراف وتبذیر، نام ونمود، ناچ گانا اور ہر بُری رسم کو انجام دینے سے پرہیز کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر حضرت مولانا مشتاق احمد نقشبندی (مہتمم دارالعلوم نقشبندیہ رعناواری و مدرسہ کنز العلوم) اور جان محمد سرور قریشی گنڈوسن (معاون سیکریٹری) کے علاوہ مدرسہ کے: بقیہ صفحہ آگے

# KASHMIR UZMA 19 JUNE 2013

# شامر بشیر شاہ اور زمرودہ اختر کا نکاح مسجد شریف میں انجام پذیر

**لوگ اِسراف اور بُری رسومات سے مکمل پرہیز کریں: مبارک احمد شیخ کا بیان**

**جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی اِصلاحی محنت کشمیر میں رنگ لارہی ہے**

اسلامک میریج کونسلنگ سینٹر اسلام آباد کی طرف سے یہ بات یقین کے ساتھ بیان کی جاتی ہے کہ ہمسفر میریج کونسلنگ سیل سرینگر کے سربراہ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کی اِصلاحی جدوجہد وادی کشمیر میں بہترین تبدیلی لارہی ہے۔ نوجوان لڑکے، لڑکیاں اور ان کے والدین اب مسجد شریف میں ہی نکاح سنت کے مطابق انجام دینے میں اپنی عزت اور کامیابی سمجھتے ہیں۔ گذشتہ دنوں اسی نوعیت کا ایک نکاح جناب شامر بشیر شاہ صاحب ولد بشیر احمد شاہ اور محترمہ زمرودہ اختر صاحبہ دختر محمد احسن گنائی کا مسجد شریف نسیم آباد تیلونی اچھہ بل اسلام آباد میں سنت کے مطابق انجام دیا گیا۔ دونوں میاں بیوی مذکورہ گاؤں کے ہی رہنے والے ہیں۔ نکاح کا خطبہ اور ایجاب وقبول مسجد رحت دیدی کے امام اور جامعۃ امام الکبیر کے مہتمم جناب مبارک احمد شیخ صاحب نے انجام دیا۔ اس شادی میں لڑکی یہاں سے ہی رخصت ہوئی، وہاں سسرال سے کوئی بارات وغیرہ نہیں آئی۔

نکاح مجلس میں جناب بلال احمد قاسمی صاحب نے بھی خطاب فرمایا۔ دونوں مقررین نے فرمایا کہ جو مال شادی بیاہ کی بُری رسومات انجام دینے پر ضائع کیا جاتا ہے، وہ مال بچا کر اولاد کی تعلیم وتربیت اور نیکی کے کاموں پر خرچ کیا جائے۔ انہوں نے لوگوں کو شادی بیاہ کی بری رسومات اور اسراف ختم کرنے کی تاکید کردی، اور ساتھ ہی اسراف اور بری رسومات والی شادیوں میں شرکت کرنے سے اجتناب کرنے کی بھی تاکید کی۔ جناب مبارک احمد شیخ صاحب نے میڈیا کی وساطت سے لوگوں کو اطلاع دی کہ اس وقت ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کا ادارہ بڑے پیمانے پر مسلمانوں کے نکاح سنت کے مطابق انجام دینے میں ایک اہم رول ادا کررہا ہے۔ اور اسی کے طرز پر اسلام آباد کشمیر میں بھی اسلامک میریج سینٹر کام کررہا ہے۔ لوگوں کو چاہئے کہ ان اداروں کی خدمات حاصل کرکے اپنی اولاد کے نکاح سنت کے مطابق انجام دینے میں پہل کریں۔

**جاری کردہ: اسلامک میریج کونسلنگ سینٹر نزدیک مسجد شریف**

**رحت دیدی لال چوک اسلام آباد کشمیر فون نمبر: 9906407924**

# GREATER KASHMIR 19 JUNE 2013

ماسٹر ریاض احمد شاہ اور اُلفت آرا کا نکاح سنت کے مطابق انجام پذیر

## مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے خطبہ نکاح دیا اور ایجاب وقبول کرادیا

### (ہمسفر ریڈیو پروگرام کا فیض گھر گھر پہنچ رہا ہے)

مؤرخہ 7 جون جمعہ 2013ء کو اسلامک میریج کونسلنگ سینٹر اسلام آباد کشمیر کی طرف سے ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ماسٹر ریاض احمد شاہ ولد علی محمد شاہ ساکن حُسن پورہ کولگام کا نکاح اُلفت آرا دختر غلام نبی بٹ ساکنہ مٹن چوک قاضی باغ اسلام آباد کے ساتھ سنت کے مطابق اور انتہائی سادگی کے ساتھ پڑھا گیا۔ اس نکاح کا خطبہ اور ایجاب وقبول مولانا ریاض احمد مدنی صاحب (فارغ مدینہ یونیورسٹی اور وابستگی جمعیت اہل حدیث اسلام آباد کشمیر) نے انجام دیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے فرمایا کہ دنیا وآخرت کی کامیابی قرآن وسنت پر عمل کرنے میں ہے۔ انہوں نے لوگوں سے بے راہ روی اور شادی بیاہ کی بری رسومات کو ختم کرنے کی تاکید فرمائی۔ مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سرینگر کے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو اجر عظیم عطا فرمائے کہ انہوں نے ہی اس نیک کام کی یہاں شروعات کی۔ اور انہوں نے کاک سرائے سرینگر میں ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا ایک ایسا شاندار اصلاحی ادارہ قائم فرمایا۔ جہاں پر مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر سے وابستہ لوگ سنت کے مطابق نکاح کرانے کے لئے رجسٹریشن کراتے ہیں۔ اور اُن ہی کی بدولت سے ضلع اسلام آباد کشمیر میں یہ اصلاحی کام ہو رہا ہے۔

مولانا ریاض احمد مدنی صاحب نے فرمایا کہ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کے ہردلعزیز اور مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے (8:30) نشر ہوتا ہے۔ جس کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں، یہ پروگرام گھروں کے اندر بہترین تربیت کرنے کا ایک آسان ذریعہ بن گیا ہے۔ اور اس ریڈیو پروگرام کا فیض گھر گھر پہنچ رہا ہے۔

ایجاب وقبول کرانے کے بعد مولانا ریاض صاحب نے دولہا، دولہن، ان کے گھر والوں اور اس ادارے کو اس نوعیت کی نکاح مجلس منعقد کرانے پر مبارک باد پیش کی۔

002

جاری کردہ: اسلامک میریج کونسلنگ سینٹر لال چوک اسلام آباد کشمیر فون نمبر: 9906407924

(Greater Kashmir
19/June/2013)

**GREATER KASHMIR 20 JUNE 2013**

# AWARENESS ABOUT MAGIC WAS FRUITFUL

## Thanks to Humsafar Radio Program

The latest episode of the weekly top-rated radio program, Humsafar Marriage Counselling Cell, broadcast on 14 June Friday 2013 at 8:30 a.m. on Radio Kashmir Srinagar, has raised awareness of the dangers of magic. By using magic, the jealous persons are ruining the happy lives and the property of many people.

May God Almighty give the best reward to the respected Fayaz Ahmad Zarroo Sahib for making us aware of the perils of magic.

We are so thankful to the Producer & Director of this popular broadcast, Mr. Saleem Aijaz Kapra, for selecting such an important and particular topic for discussion in the Humsafar radio program. Thanks a lot, Sir.

**From: Muhammad Abdullah Shah & Colleagues**
**AG's Office Srinagar**

(Greater Kashmir 20/June/2013)

**GREATER KASHMIR 23 JUNE 2013**

# ہمسفر کی طرف سے ڈاکٹروں کی ایک جوڑی کا سادہ نکاح منعقد

## نکاح مجلس میں مزید کئی پروفیشنلوں نے سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے کا اعلان کیا

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے 21، جون جمعہ 2013ء کو ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ یہ مجلس اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر میں سہ پہر ساڑھے چار بجے منعقد ہوئی۔ مجلس میں جناب ڈاکٹر توصیف نبی کھشو صاحب (MBBS, MD) فرزند جناب غلام نبی کھشو صاحب ساکن راول پورہ سرینگر کا نکاح محترمہ ڈاکٹر ندیمہ رفیق صاحبہ (MBBS, MD) دختر جناب محمد رفیق بٹ صاحب ساکنہ اقبال آباد بمنہ سرینگر کے ساتھ پڑھا گیا۔ خطبہ نکاح اور ایجاب وقبول انجام دینے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے اپنے ایک مختصر بیان میں نکاح اور شادی کو سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کی ضرورت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ کشمیری قوم کی ایک بہت بڑی تعداد اب شادی کے موقع پر اِسراف وتبذیر اور بیہودہ رسومات انجام دینے کو بُرا اور غلط سمجھنے لگے ہیں، اور شادی کے موقع پر نام ونمود اور دیگر غیر شرعی کام انجام دینے کی وجہ سے لوگوں کو جو نقصانات اور پریشانیاں اُٹھانا پڑتی ہیں، ان سے وہ اب بہت زیادہ تنگ آگئے ہیں۔ اس لئے شادی انجام دینے میں وہ مسنون اور سادہ طریقہ کار کو بہت پسند کرنے لگے ہیں۔

اس کے بعد انہوں نے خطبہ نکاح پڑھا، اور ایجاب وقبول کرادیا، پھر دعا ہوئی۔ ناکح نے اپنے نکاح کا پورا مہر اسی مجلس میں ادا کردیا۔ دعوت سینٹر میں ہوئی اس نکاح مجلس میں ہال نمبر ایک میں ناکح کے ساتھ مرد حضرات کی ایک بڑی تعداد موجود تھی، جبکہ سینٹر کے ہال نمبر دو میں منکوحہ کے ساتھ خواتین کی ایک بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر مزید کئی پروفیشنلوں (Professionals) نے مستقبل میں اپنے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کا اعلان کیا۔ حاضرین مجلس میں کھجور تقسیم کئے گئے۔ سب کی خاطر تواضع جوس اور قہوہ سے کی گئی۔

(Greater Kashmir 23/June/2013)

002

**جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)**

**ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)**

**KASHMIR UZMA 24 JUNE 2013**

کشمیر عظمیٰ June 24th 2013, Monday 2013

# ہمسفر کی طرف سے ڈاکٹروں کی ایک جوڑی کا سادہ نکاح منعقد

## نکاح مجلس میں مزید کئی پروفیشنلوں نے سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے کا اعلان کیا

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے 21، جون جمعہ 2013ء کو ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ یہ مجلس اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر میں سہ پہر ساڑھے چار بجے منعقد ہوئی۔ مجلس میں جناب ڈاکٹر توصیف نبی کھشو صاحب (MBBS, MD) فرزند جناب غلام نبی کھشو صاحب ساکن راول پورہ سرینگر کا نکاح محترمہ ڈاکٹر ندیمہ رفیق صاحبہ (MBBS, MD) دختر جناب محمد رفیق بٹ صاحب ساکنہ اقبال آباد بمنہ سرینگر کے ساتھ پڑھا گیا۔ خطبہ نکاح اور ایجاب وقبول انجام دینے سے پہلے اِدارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے اپنے ایک مختصر بیان میں نکاح اور شادی کو سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کی ضرورت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ کشمیری قوم کی ایک بہت بڑی تعداد اب شادی کے موقع پر اِسراف وتبذیر اور بیہودہ رسومات انجام دینے کو بُرا اور غلط سمجھنے لگے ہیں، اور شادی کے موقع پر نام ونمود اور دیگر غیر شرعی کام انجام دینے کی وجہ سے لوگوں کو جو نقصانات اور پریشانیاں اُٹھانا پڑتی ہیں، ان سے وہ اب بہت زیادہ تنگ آگئے ہیں۔ اس لئے شادی انجام دینے میں وہ مسنون اور سادہ طریقہ کار کو بہت پسند کرنے لگے ہیں۔

اس کے بعد انہوں نے خطبہ نکاح پڑھا، اور ایجاب وقبول کرادیا، پھر دعا ہوئی ۔ ناکح نے اپنے نکاح کا پورا مہر اسی مجلس میں ادا کردیا۔ دعوت سینٹر میں ہوئی اس نکاح مجلس میں ہال نمبر ایک میں ناکح کے ساتھ مرد حضرات کی ایک بڑی تعداد موجود تھی، جبکہ سینٹر کے ہال نمبر دو میں منکوحہ کے ساتھ خواتین کی ایک بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر مزید کئی پروفیشنلوں (Professionals) نے مستقبل میں اپنے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کا اعلان کیا۔ حاضرین مجلس میں کھجور تقسیم کئے گئے۔ سب کی خاطر تواضع جوس اور قہوہ سے کی گئی۔

**جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)**

**ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)**

**GREATER KASHMIR 24 JUNE 2013**

# ہمسفر کی طرف سے ڈاکٹروں کی ایک جوڑی کا سادہ نکاح منعقد

## نکاح مجلس میں مزید کئی پروفیشنلوں نے سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے کا اعلان کیا

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے 21، جون جمعہ 2013ء کو ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ یہ مجلس اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر میں سہ پہر ساڑھے چار بجے منعقد ہوئی۔ مجلس میں جناب ڈاکٹر توصیف نبی کھشو صاحب (MBBS, MD) فرزند جناب غلام نبی کھشو صاحب ساکن راول پورہ سرینگر کا نکاح محترمہ ڈاکٹر ندیمہ رفیق صاحبہ (MBBS, MD) دختر جناب محمد رفیق بٹ صاحب ساکنہ اقبال آباد بمنہ سرینگر کے ساتھ پڑھا گیا۔ خطبہ نکاح اور ایجاب وقبول انجام دینے سے پہلے اِدارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے اپنے ایک مختصر بیان میں نکاح اور شادی کو سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کی ضرورت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ کشمیری قوم کی ایک بہت بڑی تعداد اب شادی کے موقع پر اِسراف وتبذیر اور بیہودہ رسومات انجام دینے کو بُرا اور غلط سمجھنے لگے ہیں، اور شادی کے موقع پر نام ونمود اور دیگر غیر شرعی کام انجام دینے کی وجہ سے لوگوں کو جو نقصانات اور پریشانیاں اُٹھانا پڑتی ہیں، ان سے وہ اب بہت زیادہ تنگ آگئے ہیں۔ اس لئے شادی انجام دینے میں وہ مسنون اور سادہ طریقہ کار کو بہت پسند کرنے لگے ہیں۔

اس کے بعد انہوں نے خطبہ نکاح پڑھا، اور ایجاب وقبول کرادیا، پھر دعا ہوئی۔ ناکح نے اپنے نکاح کا پورا مہر اسی مجلس میں ادا کردیا۔ دعوت سینٹر میں ہوئی اس نکاح مجلس میں ہال نمبر ایک میں ناکح کے ساتھ مرد حضرات کی ایک بڑی تعداد موجود تھی، جبکہ سینٹر کے ہال نمبر دو میں منکوحہ کے ساتھ خواتین کی ایک بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر مزید کئی پروفیشنلوں (Professionals) نے مستقبل میں اپنے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دینے کا اعلان کیا۔ حاضرین مجلس میں کھجور تقسیم کئے گئے۔ سب کی خاطر تواضع جوس اور قہوہ سے کی گئی۔

002

**جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)**

**ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)**

(Greater Kashmir
24/June/2013)

# KASHMIR UZMA 25 JUNE 2013

## عمران احمد بابا کا نکاح رحت دیدی مسجد میں شبیلہ شاہین کے ساتھ منعقد

## خطبہ نکاح اور ایجاب وقبول حضرت مفتی محمد ایوب صاحب نے انجام دیا

## ہمسفر ریڈیو پروگرام سے کشمیری قوم کو بہت فائدہ ہورہا ہے

مورخہ 21، جون جمعۃ المبارک 2013ء کو اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر اسلام آباد کشمیر کی طرف سے مسجد رحت دیدی میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد بعد نماز عصر ہوا۔ جس میں گلشن آباد اسلام آباد کے مسمی عمران احمد بابا ولد حبیب اللہ بابا کا نکاح مسمات شبیلہ شاہین دختر غلام نبی بٹ ساکنہ ایس کے کالونی اسلام آباد کے ساتھ پڑھا گیا۔ خطبہ نکاح اور ایجاب وقبول کے فرائض دارالعلوم اسلامیہ پنجورہ شوپیاں کے مہتمم حضرت مفتی محمد ایوب نقشبندی صاحب دامت برکاتہم نے انجام دیے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ شادی بیاہ کی بُری رسومات جیسے منگنی، نشانی، مہندی رات، ڈیکوریشن وغیرہ پر بے دریغ مال بُرباد کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے نکاح کرنا مشکل اور بھاری ہوجاتا ہے۔ حضرت مفتی صاحب نے فرمایا کہ نکاح ایک عبادت ہے، اس کو عبادت جان کر سنت کے مطابق انجام دینا لازمی ہے۔

انہوں نے فرمایا کہ اِسراف اور بُری رسومات سے بچنے کے لئے سب سے اچھا ماحول مسجد شریف میں ہوتا ہے۔ جہاں پر نیک لوگوں کی دعاؤں سے خیر وبرکت نصیب ہوتی ہے۔ انہوں نے لوگوں کو تاکید فرمائی کہ وہ نکاح کے انتخاب میں مال ودولت اور شکل وصورت کو پہلی ترجیح دینے کے بجائے دینداری کو اولین ترجیح دیں۔ شادی کے موقع پر جو لوگ اپنی بیٹی کو تھوڑا سا مال جہیز میں دے کر پھر اس بیٹی کو اپنی وراثت سے محروم کر دیتے ہیں، یہ غیر شرعی طریقہ اور سخت ناجائز ہے۔ اس پر مفتی صاحب نے شدید اعتراض کیا اور فرمایا کہ شریعت نے وراثت میں جو حصہ ایک لڑکی کو رکھا ہے، وہ اس سے ضرور ملنا چاہئے۔ (Kashmir Uzma (25/June/2013)

مسجد شریف رحت دیدی کے امام صاحب اور جامعۃ الامام الکبیر کے مہتمم جناب مبارک احمد شیخ صاحب نے میڈیا کی وساطت سے لوگوں تک یہ بات پہنچادی کہ اِس وقت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے حضرات بڑے پیمانے پر جوشاندار اصلاحی کام انجام دے رہے ہیں، اسی کے طرز پر اسلام آباد میں اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر جو کام کر رہا ہے، ان سے لوگ خدمات حاصل کر کے اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دیں۔ لوگ ہر جمعہ کو مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar سنا کریں۔ یہ ہر دلعزیز پروگرام جس کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب ہے، ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے۔

**جاری کردہ: اسلامک میرج کونسلنگ سینٹر واقع نزدیک مسجد شریف رحت دیدی لال چوک اسلام آباد کشمیر (فون نمبر: 9906407924)**

**AFTAB 25 JUNE 2013**

# عمران احمد بابا کا نکاح رحت دیدی مسجد میں شبیلہ شاہین کے ساتھ منعقد

## خطبہ نکاح اور ایجاب وقبول حضرت مفتی محمد ایوب صاحب نے انجام دیا

## ہمسفر ریڈیو پروگرام سے کشمیری قوم کو بہت فائدہ ہو رہا ہے

مؤرخہ 21، جون جمعۃ المبارک 2013ء کو اسلامک میریج کونسلنگ سینٹر اسلام آباد کشمیر کی طرف سے مسجد رحت دیدی میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد بعد نماز عصر ہوا۔ جس میں گلشن آباد اسلام آباد کے مسمی عمران احمد بابا ولد حبیب اللہ بابا کا نکاح مسمات شبیلہ شاہین دختر غلام نبی بٹ ساکنہ ایس کے کالونی اسلام آباد کے ساتھ پڑھا گیا۔ خطبہ نکاح اور ایجاب وقبول کے فرائض دار العلوم اسلامیہ پنجورہ شوپیاں کے مہتمم حضرت مفتی محمد ایوب نقشبندی صاحب دامت برکاتہم نے انجام دئے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں فرمایا کہ شادی بیاہ کی بُری رسومات جیسے منگنی، نشانی، مہندی رات، ڈیکوریشن وغیرہ پر بے دریغ مال بُرباد کیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے نکاح کرنا مشکل اور بھاری ہو جاتا ہے۔ حضرت مفتی صاحب نے فرمایا کہ نکاح ایک عبادت ہے، اس کو عبادت جان کر سنت کے مطابق انجام دینا لازمی ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ اِسراف اور بُری رسومات سے بچنے کے لئے سب سے اچھا ماحول مسجد شریف میں ہوتا ہے۔ جہاں پر نیک لوگوں کی دعاؤں سے خیر وبرکت نصیب ہوتی ہے۔ انہوں نے لوگوں کو تاکید فرمائی کہ وہ نکاح کے انتخاب میں مال ودولت اور شکل وصورت کو پہلی ترجیح دینے کے بجائے دینداری کو اولین ترجیح دیں۔ شادی کے موقع پر جو لوگ اپنی بیٹی کو تھوڑا سا مال جہیز میں دے کر پھر اس بیٹی کو اپنی وراثت سے محروم کر دیتے ہیں، یہ غیر شرعی طریقہ اور سخت ناجائز ہے۔ اس پر مفتی صاحب نے شدید اعتراض کیا اور فرمایا کہ شریعت نے وراثت میں جو حصہ ایک لڑکی کو رکھا ہے، وہ اس سے ضرور ملنا چاہئے۔ مسجد شریف رحت دیدی کے امام صاحب اور جامعۃ الامام الکبیر کے مہتمم جناب مبارک احمد شیخ صاحب نے میڈیا کی وساطت سے لوگوں تک یہ بات پہنچادی کہ اِس وقت ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے حضرات بڑے پیمانے پر جو شاندار اصلاحی کام انجام دے رہے ہیں، اسی کے طرز پر اسلام آباد میں اسلامک میریج کونسلنگ سینٹر جو کام کر رہا ہے، ان سے لوگ خدمات حاصل کر کے اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سنت کے مطابق اور سادہ طریقہ پر انجام دیں۔ لوگ ہر جمعہ کو مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar سنا کریں۔ یہ ہردلعزیز پروگرام، جس کے پرڈیوسر اور ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب ہے، ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے۔

جاری کردہ: اسلامک میریج کونسلنگ سینٹر واقع نزدیک مسجد شریف رحت دیدی لال چوک اسلام آباد کشمیر (فون نمبر: 9906407924)

Aftab (25/June/2013)

**AFTAB 25 JUNE 2013**

# ایسی باشریعت دُلہن ہم نے پہلی بار دیکھی

## ایم ڈی ڈاکٹر ہونے کے باوجود وہ اپنے نکاح کے دن بھی اعتدال پر قائم رہی

یہ دن تھا جمعۃ المبارک کا۔تاریخ تھی 21، جون 2013ء۔ہم سب اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر کے ہال نمبر دو میں دولہن آنے کے انتظار میں بیٹھی تھیں۔سہ پہر کے سوا چار بج گئے، کہ دولہن ڈاکٹر ندیمہ دیدی صاحبہ چند خواتین کے ساتھ ہال میں داخل ہوئی۔جب تک نکاح مجلس کی کارروائی شروع نہ ہوئی، تب تک وہ درود اور استغفار میں مشغول رہی۔جوں ہی سپیکر سے آواز آئی کہ نکاح مجلس شروع ہوگئی، تو یہ دیندار دولہن اور ہال میں موجود سینکڑوں خواتین اور لڑکیاں اس آواز کی طرف متوجہ ہوگئیں، جو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے چیرمین، اسلامک دعوت سینٹر کے ڈائریکٹر اور مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر کے روح رواں حضرت محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کی آواز تھی۔ان کی اِصلاحی باتوں نے اور ان کے دلسوز بیان نے مُردہ ضمیروں کو زندہ کیا، اس کی تاثیر سے ہال میں موجود تقریباً ہر ایک کی آنکھ کے اندر آنسوں بھر آئے۔خطبہ نکاح پڑھنے کے بعد جوں ہی ایجاب وقبول کرانے کے ساتھ سپیکر سے یہ آواز آئی کہ ڈاکٹر ندیمہ رفیق صاحبہ کا نکاح ڈاکٹر توصیف نبی صاحب کے ساتھ منعقد ہوگیا، مبارک ہو۔تو ہم نے، باقی مستورات اور لڑکیوں نے ڈاکٹر ندیمہ دیدی صاحبہ کو مبارک باد دینا شروع کردیا۔ہم سب نے دیکھا کہ ڈاکٹر ندیمہ دیدی صاحبہ کا چہرہ نورانی اور پُر جمال ہے، عبادات، تقویٰ اور پرہیز گاری کی وجہ سے۔مہندی لگی ہے مگر شرعی حدود کے اندر۔کوئی میک اپ نہیں ہے۔کالے رنگ کے سادہ بُرقعہ میں ملبوس یہ نیک صالحہ دولہن ہر ایک کی توجہ کی مرکز بنی ہوئی ہے۔پورا ہال نورانی لگ رہا ہے، ماحول پُر سکون ہے، ادارہ کی ذمہ دار لڑکیاں مہمان خواتین میں کھجور اور جوس کے ڈبے تقسیم کررہی ہیں۔ان کی خاطر تواضع سادہ قہوہ اور شیرمال سے کررہی ہیں۔یہاں نہ فوٹوگرافی ہوئی، اور نہ ویڈیوگرافی ہوئی۔نہ ورتاؤ اور لین دین کے نام پر کسی چیز کا تبادلہ ہوا، نہ کوئی بُری رسم ہوئی، اور نہ کوئی بیہودہ حرکت ہوئی۔ڈاکٹر ندیمہ دیدی صاحبہ جیسی باشریعت دولہن ہم نے دعوت سینٹر میں آج پہلی بار دیکھی۔ہماری ندیمہ دیدی صاحبہ اسلامک دعوت سینٹر کی ایک ممتاز طالبہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایم بی بی ایس ایم ڈی کی ڈاکٹر بھی ہے، ہماری یہ دیدی نکاح کے موقع پر بھی دینی اعتدال پر قائم رہی۔نہ ان سے، نہ دولہا ڈاکٹر توصیف صاحب سے اور نہ ان دونوں کے گھر والوں کی طرف سے کوئی غیر شرعی کام یا حرکت صادر نہیں ہوئی۔ہم اپنی طرف سے انہیں مبارک باد پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ ان کی ازدواجی زندگی پرسکون، خوشگوار اور پائیدار ہو، آمین۔

منجانب: میمونہ جان، سہلہ جان، نگران دیدی، حمیراء جمیلہ، رمیصاء حمید، رضوانہ جمیلہ، مریم جمیلہ، صفیہ مریم درزی، فاطمہ یوسف ہارو، ریحانہ جمیلہ، عفیفہ خان، ربیع حنیف، ریحانہ امتیاز، شہزادی اُم ایمن ڈار، اُمامہ فاروق، طیبہ اشرف، اُم ایمن نذیر، سکینہ محی الدین، اسماء جمیلہ اور عاتکہ نقشبندی۔سرینگر

(25/June/2013) Aftab

**KASHMIR UZMA 25 JUNE 2013**

# ایسی باشریعت دولہن ہم نے پہلی بار دیکھی

## ایم ڈی ڈاکٹر ہونے کے باوجود وہ اپنے نکاح کے دن بھی اعتدال پر قائم رہی

یہ دن تھا جمعۃ المبارک کا۔ تاریخ تھی 21، جون 2013ئ۔ ہم سب اسلامک دعوت سینٹر باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر کے ہال نمبر دو میں دولہن آنے کے انتظار میں بیٹھی تھیں۔ سہ پہر کے سوا چار بج گئے، کہ دولہن ڈاکٹر ندیمہ دیدی صاحبہ چند خواتین کے ساتھ ہال میں داخل ہوئی۔ جب تک نکاح مجلس کی کارروائی شروع نہ ہوئی، تب تک وہ درود اور استغفار میں مشغول رہی۔ جوں ہی سپیکر سے آواز آئی کہ نکاح مجلس شروع ہوگئی، تو یہ دیندار دولہن اور ہال میں موجود سینکڑوں خواتین اور لڑکیاں اس آواز کی طرف متوجہ ہوگئیں، جو ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے چیرمین، اسلامک دعوت سینٹر کے ڈائریکٹر اور مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر کے روح رواں حضرت محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کی آواز تھی۔ ان کی اِصلاحی باتوں نے اور ان کے دلسوز بیان نے مُردہ ضمیروں کو زندہ کیا، اس کی تاثیر سے ہال میں موجود تقریباً ہر ایک کی آنکھ کے اندر آنسوں بھر آئے۔

خطبہ نکاح پڑھنے کے بعد جوں ہی ایجاب وقبول کرانے کے ساتھ سپیکر سے یہ آواز آئی کہ ڈاکٹر ندیمہ رفیق صاحبہ کا نکاح ڈاکٹر توصیف نبی صاحب کے ساتھ منعقد ہوگیا، مبارک ہو۔ تو ہم نے، باقی مستورات اور لڑکیوں نے ڈاکٹر ندیمہ دیدی صاحبہ کو مبارک باد دینا شروع کردیا۔ ہم سب نے دیکھا کہ ڈاکٹر ندیمہ دیدی صاحبہ کا چہرہ نورانی اور پُر جمال ہے، عبادات، تقویٰ اور پرہیزگاری کی وجہ سے۔ مہندی لگی ہے مگر شرعی حدود کے اندر۔ کوئی میک اپ نہیں ہے۔ کالے رنگ کے سادہ بُرقعہ میں ملبوس یہ نیک صالحہ دولہن ہر ایک کی توجہ کی مرکز بنی ہوئی ہے۔ پورا ہال نورانی لگ رہا ہے، ماحول پُرسکون ہے، ادارہ کی ذمہ دار لڑکیاں مہمان خواتین میں کھجور اور جوس کے ڈبے تقسیم کررہی ہیں۔ ان کی خاطر تواضع سادہ قہوہ اور شیر مال سے کررہی ہیں۔ یہاں نہ فوٹوگرافی ہوئی، اور نہ ویڈیوگرافی ہوئی۔ نہ ورتاو اور لین دین کے نام پر کسی چیز کا تبادلہ ہوا، نہ کوئی بُری رسم ہوئی، اور نہ کوئی بیہودہ حرکت ہوئی۔

ڈاکٹر ندیمہ دیدی صاحبہ جیسی باشریعت دولہن، ہم نے دعوت سینٹر میں آج پہلی بار دیکھی۔ ہماری ندیمہ دیدی صاحبہ اسلامک دعوت سینٹر کی ایک ممتاز طالبہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایم بی بی ایس ایم ڈی کی ڈاکٹر بھی ہے، ہماری یہ دیدی نکاح کے موقع پر بھی دینی اعتدال پر قائم رہی۔ نہ ان سے، نہ دولہا ڈاکٹر توصیف صاحب سے اور نہ ان دونوں کے گھر والوں کی طرف سے کوئی غیر شرعی کام یا حرکت صادر نہیں ہوئی۔ ہم اپنی طرف سے انہیں مبارک باد پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ ان کی ازدواجی زندگی پرسکون، خوشگوار اور پائیدار ہو، آمین۔

منجانب: میمونہ جان، سہلہ جان، نگران دیدی، حمیراء جمیلہ، رمیصاء حمید، رضوانہ جمیلہ، مریم جمیلہ، صفیہ مریم درزی، فاطمہ یوسف ہارو، ریحانہ جمیلہ، عفیفہ خان، ربیع حنیف، ریحانہ امتیاز، شہزادی اُم ایمن ڈار، اُمامہ فاروق، طیبہ اشرف، اُم ایمن نذیر، سکینہ محی الدین، اسماء جمیلہ اور عاتکہ نقشبندی۔ سرینگر

(Kashmir Uzma 25/June/2013)

# AFTAB 27 JUNE 2013

# میری بیٹی کی شادی سادگی کے ساتھ انجام پانے میں

## محترم فیاض احمد زرو صاحب نے اہم کردار ادا کیا

میں عبدالرشید ٹھوکر ولد غلام محمد ٹھوکر ساکن کہاروٹ کولگام کشمیر بیان کرتا ہوں کہ میں نے اپنی بیٹی مسمات شہزادہ اختر کا نکاح مؤرخہ 13، اگست 2006ء کو جناب ماسٹر ریاض احمد تانترے ولد دِلاور احمد تانترے ساکن پونی پورہ کولگام کے ساتھ مسجد شریف کہاروٹ کے اندر پڑھادیا۔ لڑکی کو بطور دولہن رخصت کرنے کے موقع پر میرے گھر جناب محمد طاہر صاحب ساکن دیالگام اسلام آباد، جناب فاروق احمد بٹ صاحب ساکن کاترسو کولگام، جناب عبدالسلام کمہار صاحب ساکن ریڈونی کولگام، جناب محمد امین نجار صاحب ساکن طولی نوپورہ کولگام اور جناب احمد اللہ ایتو صاحب ساکن کھانڈی پورہ کولگام تشریف لائے۔ یہاں پر انہوں نے مردوزن کو وعظ و نصیحت فرما کر میرے گھر میں دینی ماحول قائم کر کے میرا حوصلہ بڑھادیا۔ ان دنوں جناب محمد امین نجار صاحب کولگام علاقے میں شادی بیاہ کے حوالے سے ایک اصلاحی تحریک چلاتے تھے۔ اس وقت سادہ نوعیت کی شادی کرنا لوگوں کو بہت عجیب لگتا تھا۔ سرینگر شہر کے جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کو خدا تعالیٰ اجر عظیم عطا کرے کہ انہوں نے اور ان کے ساتھیوں نے علمائے کرام کی سرپرستی میں کاک سرائے سرینگر میں اصلاح معاشرہ کا ایک عظیم ادارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل نام کا قائم کردیا۔ پھر ریڈیو کشمیر سرینگر پر اپنے ہفتہ وار بہت ہی مؤثر اصلاحی پروگرام سے اس عظیم اصلاحی کام کو اور اچھی باتوں کی دعوت کو کشمیر کے گھر گھر تک پہنچادیا۔ جس کی وجہ سے لوگ بُری رسومات اور فضول خرچی چھوڑنے پر آمادہ ہونے لگے۔ ہمسفر پروگرام کی برکت سے آج سماج میں بہت سارے لوگ ہمت اور آسانی کے ساتھ اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سادگی کے ساتھ انجام دینے لگے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ خدائے پاک محترم فیاض احمد زرو صاحب کی عمر میں برکت عطا کرے، اور ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کو سماج کی بہتری کے لئے ہمسفر جیسا مفید ریڈیو پروگرام تیار کرنے پر خیر دارین عطا کرے، آمین۔

بذریعہ: محمد امین نجار (سوشل ورکر)۔ (فون نمبر 9906407924)

Aftaab (27/ June/2013)